سوال

(406)ایک سفر میں دو یا زیادہ عمرے کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ایک سفر میں دو یا زیادہ عمرے ہو سکتے ہیں اگر ہو سکتے ہیں تو رسول اللہﷺ نے یا صحابہ میں سے کسی نے کیوں نہ کیا حالانکہ ان سے بڑھ کر کوئی عمل خیر کی طرف سبقت لے جانے والا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک سفر میں رسول اللہﷺ کے طوافوں سے زیادہ طواف کرنے کی جو دلیل ہے وہی ایک سفر میں زیادہ عمروں کی بھی دلیل ہے۔ ''ایک سفر میں ایک سے زیادہ عمروں کی دلیل کے لیے زاد المعاد الجزء الثانی ص ۹۴،۹۳،۹۲ کا مطالعہ فرمائیں'' صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے کیوں نہ کیا؟ نہ کیا کی دلیل مل جائے تو کیوں والا سوال بعد کا ہے اس لیے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے نہ کیا کی دلیل درکار ہے؟

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

حج وعمرہ کے مسائل ج1ص293

محدث فتویٰ